© rasailojaraid.com

صدارت ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ آئین میں طے شدہ مسئلے کو چھیڑ کر جو سازش کی گئی تھی وہ اللہ کے فضل وکرم اور تحریک ختم نبوت کے قائدین کی بصیرت، جدو جہد اور جرأت نے ناکام ونامراد کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کے لئے بغیر کسی مصلحت کے کمزور سے کمزور مسلمان بھی سروں پر کفن باندھ کر اور سینہ تان کر اٹھ کھڑا ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ تحریک ختم نبوت کا مورال برقرار رکھا جائے گا اور ارتداد کی شرعی سزا کے نفاذ، سول وفوج کے تمام کالیدی عہدوں سے قادیانیوں کی علیحدگی اور پالیسی ساز اداروں سے قادیانی اثرو نفوذ کے خاتمے تک ہماری پُر امن جدو جہد جاری رہے گی۔ قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، محمد معاویہ رضوان، حافظ حبیب اللہ چیمہ، قاضی بشیر احمد اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا تقریب میں ایک قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا گیا کہ جنرل مشرف کے پرنسپل سیکرٹری طارق عزیز سمیت تمام قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے الگ کیا جائے اور اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی عملی جامہ پہنایا جائے۔

# مسافران آخرت

☆ جامعہ خیر المدارس، ملتان کے مہتمم مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کے سسر حضرت مولانا سعید الرحمٰن انوری گزشتہ ماہ فیصل آباد میں انتقال کر گئے۔

☆ اوکاڑہ میں ہمارے مہربان محترم محمد خالد کے بھتیجے اور محمد نعیم صاحب کے جواں سال چھوٹے بیٹے علی وقاص انتقال کر گئے۔

☆ فیصل آباد میں ہمارے رفیق محترم محمد منیر صاحب کے بھائی حاجی محمد ثناء اللہ صاحب ۱۲ رمئی کو انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے سابق صدر چودھری علی محمد مرحوم کی بیوہ ۱۴ رمئی کو انتقال کر گئیں۔

☆ مجلس احرار اسلام جھنگ کے مخلص کارکن میاں عبدالغفار نکیانہ سیال کی خوش دامن صاحبہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ مدرسہ معمورہ دار بنی ہاشم، ملتان کے استاذ مولانا حبیب الرحمٰن کے نانا محترم حاجی عبدالغنی صاحب ۱۹ رمئی بروز اتوار انتقال کر گئے۔ مرحوم امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے معتقدین میں سے تھے۔

☆ علامہ شبیر احمد انور (جامعہ محمودیہ، لیاقت پور) کے بھتیجے محمد بلال ۲۳ راپریل کو انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محمد یوسف باوا کی ہمشیرہ اور عزیزان احمد علی، حافظ محمد علی کی والدہ ۲۲ رمئی کو لاہور میں انتقال کر گئیں۔ وہ گزشتہ چھے برس سے بستر علالت پر تھیں۔

ادارہ ''نقیب ختم نبوت'' کے تمام ارکان مرحومین کی مغفرت کیلئے دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاء مغفرت فرمائیں۔ (ادارہ)

عمارتی وصنعتی سامان، ہارڈ ویئر
پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل
عمر فاروق ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور
گورنمنٹ سے منظور شدہ
کنڈے، باٹ وپیمانہ جات
صدر بازار۔ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462483



© rasailojaraid.com